PR NO 07/2024

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی نے وفاقی محتسب کی سفارشات پر عملدرآمد کر دیا

عوام الناس کو سہولیات فراہم کرنا سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی طرف سے فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (ایف جی ای ایچ اے) کے خلاف شکایات کا جائزہ لینے کے لئے بھیجی گئی معائنہ ٹیم کی تمام سفارشات پر اتھارٹی نے عملدرآمد کر کے وفاقی محتسب کو رپورٹ پیش کر دی ہے، جس پر وفاقی محتسب نے ہاؤسنگ اتھارٹی کی تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام الناس کو بہترین سہولیات فراہم کرنا سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے۔واضح رہے کہ وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم نے ایف جی ای ایچ اے کو ہدایت کی تھی کہ الاٹیوں کی سنیارٹی لسٹ اتھارٹی کی ویب سائٹ پر لگائی جائے اور اسے ہر تیس دن بعد اپ ڈیٹ کیا جائے، وزٹرز کے لئے تمام ہدایات انگریزی کے ساتھ ساتھ اردو میں بھی نمایاں کر کے دفتر کے استقبالیہ میں بل بورڈز پر آویزاں کی جائیں، مکانات اور پلاٹوں کی ٹرانسفر پر لگائے گئے تمام اعتراضات سے درخواست گزار کو زیادہ سے زیادہ تین دن کے اندر آگاہ کیا جائے، وزٹرز کی سہولت کے لئے سہولتی مرکز کو دو مزید پرنٹرز فراہم کئے جائیں اور ریکارڈ روم میں عملے اور ریکارڈ کے تحفظ کے لئے آگ بجھانے والے آلات رکھے جائیں۔فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی انتظامیہ نے اپنے ایک خط کے ذریعے بتایا ہے کہ وفاقی محتسب کی تمام سفارشات پر عملدرآمد کر دیا گیا ہے۔

01-02-2024

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

یکم فروری 2024ء